# Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

سرکلر نمبر 089

22 اکتوبر 2021

## تفصیلات برائے آٹھواں جنرل باڈی اجلاس 16 اکتوبر 2021

آٹھواں جنرل باڈی اجلاس بروز ہفتہ بتاریخ 16 اکتوبر 2021 کو H-پارک و اسپورٹس گراؤنڈ میں منعقد ہوا جسکی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جسکی سعادت جناب امتیاز احمد صدیقی صاحب نے حاصل کی۔

۲۔ تلاوت کلام پاک کے بعد اجلاس کی کاروائی شروع ہوئی اور جنرل سیکرٹری جناب حبیب الرحمٰن خان صاحب نے حاضر ممبران جنکی تعداد 48 تھی جو نامکمل کورم تھا اور آئین کی رو سے حاضر ممبران کی اجازت سے اس تعداد کو کورم تصور کرتے ہوئے اجلاس کی کاروائی شروع کی گئی۔

جنرل سیکرٹری نے ممبران کو اپنی ایسوسی ایشن کی چار سالا کارکردگی پر ایک جائزہ پیش کیا اور بتایا کہ ہم نے چار سالوں میں کیا کیا کام کیے ہیں اور ہماری ایسوسی ایشن نے اس سوسائٹی کو خوب سے خوب تر بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جس میں دونوں گیٹوں کی نئے سرے سے تعمیر، ATM کی تنصیب، فیملی پارک کی تزین، H-پارک کی تزین و آرائش، آئین کی تبدیلی و منظوری، ایسوسی ایشن کی رجسٹریشن اور سیکورٹی معملات کی بہتری جیسے کام سرفہرست ہیں۔

انھوں نے ممبران اور اورسیز کے مکینوں کا اپنے ممبر کنٹونمنٹ بورڈ منتخب ہونے پر شکریہ ادا کیا، انکا کہنا تھا کہ اورسیز بنگلوز نے گیم چینجر کا کردار ادا کیا ہے اور وہ بھی انشاء اللہ اورسیز کی فلاح کے لئے اپنی ہر کوشش کریں گے تاکہ یہاں کے لوگوں کو کنٹونمنٹ بورڈ کے جائز معملات میں کوئی پریشانی نہ ہو۔

حبیب صاحب نے ممبران کو تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ آنے والے دنوں میں وہ کیا کیا کام کروانے کا ارادہ رکھتے ہیں اور پانی، سیوریج وروڈ کی استرکاری جیسے اہم معملات انکی ترجیحات میں شامل ہیں اور کافی کاموں کا سروے بھی کرادیا گیا ہے جس پر جلد کام شروع ہونے کی توقع ہے۔

# Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

۳۔ اسکے بعد حبیب صاحب نے الیکشن کمیشن کے انتخاب کے لئے لوگوں سے رائے طلب کی اور ممبران کی اکثریت کی رائے سے چار نام منتخب کئے۔ ان کا کہنا تھا کہ پچھلی دفعہ ایک الیکشن کمیشن کے ممبر کی گھریلو مشکلات کی وجہ سے دوارکان پر دباؤ آ گیا تھالہذا جنرل باڈی اس بار چار نام منظور کرے، جسے جنرل باڈی نے متفقہ رائے سے منظور کیااور مندرجہ ذیل نام حتمی قرار پائے۔

| | |
|---|---|
| جناب اختر علی خان | A9 |
| سید نظر علی۔ | L3 |
| جناب فیروز عالم۔ | L4 |
| جناب عاصم بیگ۔ | 10/Z5 |

۴۔ آخر میں سوال جواب کے سیشن میں جناب سلیم الدین صاحب نے پوائنٹ اُٹھایا کہ ایسوسی ایشن کے حساب پچھلے کئی ماہ سے شائع نہیں ہوئے ہیں جس پر خزانچی جناب امتیاز احمد صدیقی صاحب نے جواب دیا کہ حساب سب تیار ہے مگر انکی گھریلو پریشانیوں کی وجہ سے وہ انکو مرتب نہیں کر سکے ہیں اور انشاءاللہ اگلے دس سے پندرہ روز میں انکو ترتیب دے کر شائع کردیں گے۔

خواتین کی جانب سے ایسوسی ایشن کی کارکردگی پر خوب تعریف کی گئیں اور کہا گیا کہ موجودہ ایسوسی ایشن نے چار سالوں میں بہت بہترین کام کئے ہیں جسکی ماضی میں مثال نہیں ملتی ہے۔

اسکے بعد اجلاس اختتام پزیر ہوا اور ممبران کی تواضع بسکٹ اور گرما گرم چائے سے کی گئی۔

شکریہ

حبیب الرحمٰن خان
جنرل سیکریٹری